بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

86- مزنگ روڈ لاہور

مراسلہ نمبر: 40 ۔رجسٹریشن   مورخہ: 15۔ اپریل۔ 2024ء

نوٹیفکیشن

ریگولر طلباء/طالبات

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات
ملحقہ لاہور بورڈ

عنوان:۔ آن لائن انرولمنٹ / داخلہ شیڈول برائے جماعت نہم (Class-IX) تعلیمی سیشن 2024-2026ء

آپ کی اطلاع کے لیے تحریر ہے کہ جماعت نہم (Class-IX) کی آن لائن انرولمنٹ/داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا گیا ہے۔ جس میں انرولمنٹ فیس مبلغ-/1000 روپے پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/100 روپے فی طالب علم/طالبہ مقرر کی گئی ہے۔

سیریل نمبر	شیڈول	اداره جات میں داخلہ، آن لائن، ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کروانے کا آن لائن/کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی حتمی تاریخیں (الحاق لیٹر لازمی منسلک کریں)
i	انرولمنٹ برائے جماعت نہم (Class-IX) بغیر لیٹ فیس (تمام سرکاری ادارے انرولمنٹ فیس سے مستثنیٰ ہوں گے لیکن پروسیسنگ فیس مبلغ -/530 روپے اور سپورٹس فیس مبلغ-/100 روپے فی طالب علم/طالبہ جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔)	15-اپریل-2024ء تا 29-مئی-2024ء
ii	اصل مروجہ انرولمنٹ فیس، پروسیسنگ فیس اور سپورٹس فیس کے علاوہ -/600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/طالبہ کے ساتھ جماعت نہم (Class-IX) میں (تمام سرکاری، پرائیویٹ (الحاق شدہ) تعلیمی ادارے بورڈ ہذا کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے)	30-مئی-2024ء تا 13-جون-2024ء
iii	ادارہ جات میں سیریل نمبر (i) اور (ii) کے تحت داخل کیے گئے طلباء وطالبات کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس، پروسیسنگ فیس اور سپورٹس فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے فی گروپ (Per Batch) کے ساتھ جمع کروانے کا طریقہ کار۔	ایسے طلباء وطالبات جن کا داخلہ اداراجات میں مقرر کردہ درج بالا شیڈول میں ہوا مگر انرولمنٹ ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی/نہ ہی BATCH بن سکے/نہ ہی دفتر ہذا میں انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان اُمیدواران کی انرولمنٹ ریٹرن اصل مروجہ فیس فی طالب علم/طالبہ (مبلغ-/1630) کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ-/600 روپے Per Group/Batch کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ تین گنا فیس (Tripple Fee) شیڈول کی آخری تاریخ تک وصول کی جائے گی۔

ضروری نوٹ: ناظرہ قرآن حکیم بمع ترجمہ تمام طلباء اور طالبات کے لیے بطور مضمون پڑھنا لازمی ہو گا۔ جس کا باقاعدہ امتحان لیا جائے گا۔

ہدایات

تمام سرکاری و پرائیویٹ الحاق شدہ تعلیمی اداروں کے لیے لازمی ہے کہ جماعت نہم کی انرولمنٹ کرتے وقت **یکم اگست 2024 تک طالب علم/ طالبہ کی کم از کم عمر 12 سال ہونی چاہیے۔** درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو انرولمنٹ / داخلہ کی اجازت نہیں ہو گی۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول کے اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہو گا۔ انرولمنٹ ریٹرن **لیگل سائز (8.5×14)** صفحہ پر اور **لینڈ سکیپ (LANDSCAPE)** میں پرنٹ کریں۔ بصورت دیگر وصول نہیں کی جائے گی۔ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائیٹ (www.biselahore.com) پر بھی دستیاب ہے۔ مینوئل (MANNUAL) انرولمنٹ ریٹرن ہر گز وصول نہیں کی جائے گی۔ جماعت نہم (Class-IX) کی انرولمنٹ ریٹرن آن لائن کرتے وقت **والد/والدہ/سرپرست کا درست شناختی کارڈ نمبر اور طالب علم/طالبہ کا "ب" فارم نمبر** لازمی درج کریں۔ طلباء اور طالبات کے کوائف کا اندراج **بمطابق "ب" فارم** کریں۔ دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی **طالب علم/طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کے لئے منگوایا جاسکتا ہے۔**

ڈاکٹر بشریٰ بی بی
سیکرٹری